
# تقریباً ہر 4 میں سے 3 (73%) پاکستانی اپنی زندگی سےخوش ہیں۔ زندگی سے مطمئن ہونے کے حوالے سے پاکستان خطے میں چین(84%) کے بعددوسرے نمبر پر آتا ہے (جبکہ بھارت اس حوالےسے رینک میں سب سے نیچے ہے)۔

اپنی زندگی سے خوش یا مطمئن ہونے کے حوالےسے 37 ممالک سے لیے گئے سروے میں پاکستان کاچھٹا نمبر ہے۔






برائے مہربانی اپنی زندگی کے حوالے سے بتائیں کہ آپ اپنی زندگی کے حوالے سے خوش ہیں، نہ خوش نہ ہی ناخوش ہیں یا نا خوش ہیں ؟

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

**بین الاقوامی ممالک کے اعتبار سے**

پاکستان

## تقریباًہر 4 میں سے 3 (73%) پاکستانی اپنی زندگی سے خوش ہیں۔ زندگی سے مطمئن ہونے کے حوالے سے پاکستان خطے میں چین (84%) کے بعد دوسرے نمبر پر آتا ہے (جبکہ بھارت اس حوالے سے رینک میں سب سے نیچے ہے)۔ اپنی زندگی سے خوش یا مطمئن ہونے کے حوالے سے 37 ممالک سے لیے گئے سروے میں پاکستان کا چھٹا نمبر ہے۔

**(گیلپ&گیلانی پاکستان)،**


(اسلام آباد)، 13 جنوری، 2025

گیلپ&گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، تقریباًہر 4 میں سے 3 (73%) پاکستانی اپنی زندگی سے خوش ہیں۔ زندگی سے مطمئن ہونے کے حوالے سے پاکستان خطے میں چین (84%) کے بعد دوسرے نمبر پر آتا ہے (جبکہ بھارت اس حوالے سے رینک میں سب سے نیچے ہے)۔ اپنی زندگی سے خوش یا مطمئن ہونے کے حوالے سے 37 ممالک سے لیے گئے سروے میں پاکستان کا چھٹا نمبر ہے۔

پاکستان میں یہ سروے گیلپ انٹر نیشنل کی جانب سے 37 سے زائد ممالک میں کیے گئے عالمی سروے کا حصہ تھا جس میں 37,338 کے قریب جوابدہندگان نے حصہ لیا تھا۔ یہ سروے 1979 سے جاری گیلپ انٹر نیشنل کی ایک روایت کا حصہ ہے جس میں گیلپ انٹر نیشنل ایسوسی ایشن کے تمام ممبران اہم موضوعات پر دنیا کی رائے جاننے کے لیے حصہ لیتے ہیں۔اس حوالے سے مزید تفصیلات جاننے کیلئے برائے مہربانی یہاں کلک کریں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **برائے مہربانی اپنی زندگی کے حوالے سے بتائیں کہ آپ اپنی زندگی کے حوالے سے خوش ہیں، نہ خوش ہیں نہ ہی ناخوش ہیں یا ناخوش ہیں؟ "**۔ اس سوال کے جواب میں، 73% جوابدہندگان کے مطابق وہ اپنی زندگی کے حوالے سے "خوش" ہیں، 9% جوابدہندگان کے مطابق وہ اپنی زندگی کے حوالے سے "ناخوش" ہیں، جبکہ 12% جوابدہندگان کے مطابق وہ اپنی زندگی کے حوالے سے "نہ خوش نہ ہی ناخوش" ہیں، تاہم 6% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**"برائے مہربانی اپنی زندگی کے حوالے سے بتائیں کہ آپ اپنی زندگی کے حوالے سے خوش ہیں، نہ خوش نہ ہی ناخوش ہیں یا ناخوش ہیں؟"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## اپنی زندگی سے خوش/مطمئن ہونے کے حوالے سے پاکستان کا خطّے کے ممالک کے ساتھ موازنہ: چین 86% کے ساتھ سر فہرست، پاکستان 73% شرح کے ساتھ دوسرے نمبر پر:

رینکنگ کے اعتبار سے چین سب سے اوپر ہے جس میں جوابدہندگان کی 86% شرح نے اپنی زندگی سے خوش/مطمئن ہونے کا اظہار کیا۔اس کے بعد پاکستان 73% شرح کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہے۔ جبکہ ایران 58% شرح کے ساتھ، بنگلہ دیش 47% شرح کے ساتھ اور بھارت 31% شرح کے ساتھ رینک کے اعتبار سے نیچے ہیں۔

اپنی زندگی سے خوش افراد کی شرح- خطّے کے ممالک کا موازنہ




*Source: Gallup International End of Year Survey 2024*


## اپنی زندگی سے خوش / مطمئن ہونے کے حوالے سے نیٹ اسکور: چین (84%+) ریجن میں سر فہرست، پاکستان (58%+) کا دوسرا نمبر:

اپنی زندگی سے خوش ہونے کے حوالے سے رائے رکھنے والوں کی شرح چین میں سب سے زیادہ پائی گئی، جس میں 86% افراد نے اپنی زندگی سے مطمئن ہونے کا اظہار کیا اور اس حوالے سے نیٹ اسکور 84+ رہا۔اس کے بعد اس حوالے سے زیادہ شرح پاکستان میں 73% دیکھنے میں آئی اور اس کا نیٹ اسکور 58+ رہا، جو کہ عالمی اوسط کے نیٹ اسکور 46+ سے نمایاں طور پر زیادہ ہے۔اس کے بعد ایران کا نیٹ اسکور 32+ اور بنگلہ دیش کا نیٹ اسکور 12+ رہا۔ جبکہ انڈیا کا نیٹ اسکور سب سے کم 3- رہا۔

| ممالک | خوش/مطمئن | ناخوش/غیر مطمئن | نہ خوش/مطمئن نہ ہی ناخوش/غیر مطمئن | معلوم نہیں/جواب نہیں دیا | نیٹ اسکور |
|---|---|---|---|---|---|
| **عالمی اوسط** | **58%** | **12%** | **28%** | **1%** | **46%** |
| چین | 86% | 1% | 12% | 0% | 84% |
| پاکستان | 73% | 15% | 12% | 0% | 58% |
| ایران | 58% | 26% | 15% | 12% | 32% |
| بنگلہ دیش | 47% | 35% | 16% | 2% | 12% |
| بھارت | 31% | 34% | 30% | 6% | -3% |

*Source: Gallup International End of Year Survey 2024*

**گزشتہ سالوں میں پاکستان کی اپنی زندگی سے خوش/مطمئن ہونے کے حوالے نتائج:** جیسا کہ گیلپ پاکستان کے ڈیجیٹل اینالٹکس ڈیش بورڈ (Digital Analytics Dashboard) میں دیکھا گیا ہے کہ گزشتہ برسوں کے دوران پاکستان میں اپنی زندگی سے خوش/مطمئن ہونے کے حوالے سے شرح میں مسلسل اضافہ ہوا ہے، نمایاں طور پر 2015 (43%)، 2019 (50%) اور 2024 (73%) میں اس حوالے سے زیادہ شرح دیکھنے میں آئی ہے جو پاکستانیوں میں بڑھتے ہوئے اطمینان کی عکاسی کرتا ہے۔ گیلپ انٹرنیشنل اینڈ آف ایئر سروے (Gallup International End of Year Survey) کے بی آئی ڈیش بورڈ (BI Dashboard) فلاح و بہبود کے بارے میں عالمی نقطہ نظر فراہم کرتا ہے، جو ممالک اور خطوں میں خوشی، اُمید، اور اقتصادی مستقبل کے رجحانات کو ٹریک کرتا ہے۔




*Source: Gallup International End of Year Survey 2024*

یہ سروے دنیا بھر کے 37 ممالک کے کل 37,338 افراد سے لیا گیا ہے۔ تقریباً ہر ملک میں اکتوبر تا دسمبر 2024 کے دوران، 1000 کے قریب خواتین اور مرد حضرات سے یہ انٹرویو یا تو F2F، ٹیلی فون کے ذریعے لیا گیا ہے یا آن لائن کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±3-2% لگایا گیا ہے۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Monday, 13th January 2025**

*(4 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan (1980-2025)